ASMA NAWAZ    AGC 102    Q:02    July 27, 2026

سوال نمبر 03 :- دروس 20-1 تک سے اپنے لیے عمل کے اصول بیان کیجیے۔

جواب :- دروس 20-1 میں قرآن فہمی اور اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ سے
براہِ راست تعلق کا ہونا اور قرآن پاک کو سمجھنے کی استعداد
اور صلاحیت کا پیدا ہونا ہے۔

اصول ① اخلاصِ نیت کو اپنی زندگی میں لازم کرنا ہے۔ کیونکہ ہمارے اعمال
کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

اصول ② استقامت کو اپنی زندگی میں لازم کرنا ہے قرآن پاک کو
سیکھنے اور اس پر عمل کرنے میں خواہ کتنی مشکلات آجائیں، اپنے
مقصد سے نہیں ہٹنا ہے۔

اصول ③ اپنے نیک اعمال کی قبولیت کی دعا کرتے رہنا ہے۔ اور دین
کے راستے میں محنت کرتے ہی جانا ہے۔

اصول ④ تمام عمر قرآن کا طالب علم بن کر زندگی گزارنا ہے۔ کہ تنہائی
ہو یا محفل میرے دل میں اللہ کی سوچیں ہونی چاہیئے۔ ہمیشہ

اصول ⑤ مثبت سوچنا ہے، مایوسی سے بچنا ہے کیونکہ مایوسی شیطان کا ہتھیار ہے
اس دنیا میں رہ کر آخرت کی تیاری کرنا ہے۔ اپنی اولاد کو اپنے

اصول ⑥ لیے صدقہ جاریہ بنانا ہے۔ علم نافع سیکھنا ہے اور دوسروں کو سکھانا ہے۔
فرائض کو نہیں چھوڑنا۔ نیکی کرنے میں سبقت اختیار کرنی ہے، اور

اصول ⑦ ہر وہ کام جو اللہ کے قرب کا ذریعہ ہے، اختیار کرنا ہے صدقہ، زکوٰۃ
کو زندگی کا حصہ بنانا ہے۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے والا بننا ہے
اللہ کی ذات، صفات، حقوق اور اختیارات میں دوسروں
کو شریک کرنا ظلم ہے، اور اللہ تعالیٰ ہمیں اس ظلم سے بچائیں۔ علم اور

اصول ⑧ نیکی اللہ کا نور ہیں اور اللہ یہ نور انہیں نہیں دیتا جو ظلم کریں۔
اللہ کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام سمجھنا ہے۔ کبر سے

اصول ⑨ بچنا ہے۔ اور اللہ کے آگے اپنا دامن پھیلا کر مغفرت کی دعا کرنا ہے
ہر مشکل اور مصیبت پر صبر کرنا ہے اللہ تعالیٰ رنگ، نسل، جنس

اصول ⑩ نہیں دیکھتے تقویٰ دیکھتے ہیں۔
چونکہ ایمان کی کیفیت گھٹتی بڑھتی رہتی ہے مستقل صحبت صالحین میں

اصول ⑪ رہنا ہے۔ اپنے بچوں کو دین کا لیڈر بناتا ہے
حسنِ عمل، صبر، شکر، تقویٰ کے ساتھ اللہ تعالیٰ مجھے زندگی
گزارنے کی توفیق عطا کریں۔ (آمین)